روشنی فلمز کا تیار کردہ

[illegible]

میوزک :- سی رامچندر

مرصع بالا :- اجیت منڈل

گیت :- بجراج

قیمت ۱ر

زینت اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری

ظلم نے حقارت کی نگاہوں سے مظلوم رعایا کو دیکھتے ہوئے جلاد سے کہا - باغی کا سر کاٹ دو۔ جلاد کا کلہاڑا باغی کا سر تن سے جدا کرنے کیلئے ہوا میں بلند ہوا۔ اس سے پہلے کہ کلہاڑے کا وار باغی کا سر کاٹ دے اچانک زہر میں بجھا ہوا تیر جلاد کے سینے کے پار ہو گیا — آگے پردہ پر دیکھیں۔

تیر انداز کے گانے

گانا نمبر ۱

رہتی نہیں ہمیشہ یہ چاند کی جوانی
جی بھر کے عیش کر لے جبتک ہے زندگانی
گذرے جو مستیوں میں اچھی وہی گھڑی ہے
ورنہ اجل تو کب سے پیچھے ترے کھڑی ہے
جب سے چلے چلا ہے یہ سانس کی کہانی
جی بھر کے ....
یہ خواب ہے سنہرا - رنگین ہے یہ دھوکہ
مت چھوڑ زندگی کا کوئی حسین موقعہ
آئے گا ہاتھ پھر نہ بہتا ہوا یہ پانی
جی بھر کے ....

گانا نمبر ۲

میں نے رکھ دی نشانے پہ جان رے
ذرا سیدھا تو کر لو تیر کو
دیکھو نہ ایسی ترچھی نظر سے

بھر گیگا شعلہ دل سے جگر سے
اچھا نہیں ہے، رہ رہ کے نکلنا، ایسے کسی دلگیر کو
ذرا سیدھا تو کر لو تیر کو
مرنے سے ہرگز ڈرتے نہیں ہم
ایسی محبت کرتے نہیں ہم
ہو کے تمہارے ہاتھوں نشانہ دیجئے دعا تقدیر کو
ذرا سیدھا تو کر لو تیر کو
دل کی یہ دنیا کس کے لئے ہے
سمجھے نہ ہائے جس کے لئے ہے
دل یہ ہمارا گھر ہے تمہارا تو تو نہ اس جاگیر کو
ذرا سیدھا تو کر لو تیر کو

گانا نمبر ۱۰
یہ حسین شام، گردش میں جام، محفل میں رنگ چھایا
جو ہے دل کا نور، اس کا حضور، آخر سلام آیا
جاگی امنگ، بجنے دے چنگ، بہنے دے رنگ ساقی
خوشیوں کا دور، چلنے دے اور، حسرت رہے نہ باقی
ہے شادکام، محفل تمام، قاصد پیام لایا
جو ہے دل کا نور......
پردہ نشین، اب وہ حسین، وہ ماہتاب ہوگا
جس کا حجاب، جس کا شباب، بس لاجواب ہوگا
بے اختیار، ہونٹوں پہ پیار، تیرا ہی نام آیا
جو ہے دل کا نور......

گانا نمبر ۴

لتا —

اے پردہ نشیں، یہ عشق کہیں، پردوں میں چھپایا جاتا ہے
نادان کہیں، ان شعلوں کو، سینے میں دبایا جاتا ہے
پردوں میں ابھی ہونے دے جواں انداز یہ تیر اندازی کے
انداز یہ سب، رہ جاتے ہیں جب تیر چلایا جاتا ہے
مانا کہ زباں خاموش رہے آنکھوں پہ مگر قابو کس کا
افسانۂ دل ہونٹوں سے نہیں آنکھوں سے سنایا جاتا ہے
اس آگ کا بجھنا مشکل ہے اس راز کا چھپنا مشکل ہے
ہوتے ہیں جہاں ہر بزم میں چرچے چھپنا یہ چھپایا جاتا ہے

گانا نمبر ۵

عشق ربا میری دُنیا میں تو ایسے آیا
اِک جھلک دیکھی چھپا چاند اندھیرا چھایا
اشکوں میں ڈوب ڈوب کے آئی ہنسی تو کیا
مر مر کے دو گھڑی کو ملی زندگی تو کیا
بلبل نے جب قفس میں ٹھکانہ بنا لیا
انگڑائی لے کے شاخ سے پھوٹی کلی تو کیا
مر مر کے......
رو رو کے بجھ گئے میری آنکھوں کے جب چراغ
پھر زندگی میں شمع محبت جلی تو کیا
مر مر کے......
جب زندگی میں کوئی تمنا ہی نہ رہی
تب جا کے دل کو عشق کی منزل ملی تو کیا

مرمر کے ......

گانا نمبر ۶

بگڑی ہوئی ہے اُجڑی ہوئی ہے یہ زندگی ساقیا
وہ دُنیا کہاں ہے ملتی جہاں ہے دل کو خوشی ساقیا
دیکھا ہے ہم نے دن رات پی کے
نکلے نہ پھر بھی ارمان جی کے
جھوٹی ہے ساقی مے کی یہ مستی
روشن ہو کیسے پھر دل کی بستی
یہاں نہ وہاں ہے، جانے کہاں ہے، وہ روشنی ساقیا
بگڑی ہوئی ہے ......
شیشے میں جو ہے وہ تو ہے نقلی
کہاں پہ چھپا کے رکھی ہے اصلی
آنکھوں سے اپنی اک جام دے دے
بے تاب دل کو آرام دے دے
تڑپا رہی ہے رہ رہ کے دل کی یہ بے کلی ساقیا
بگڑی ہوئی ہے ......

ختم شد

ٹیلر ماسٹر ٹیلرنگ کا کام سکھانے والی سب سے بہتر اردو کی کتاب جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں پتلون بشرٹ۔ لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔ قیمت صرف 1-1-3 محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

عشرتِ شباب

لاجواب کتاب جسے دہلی کے مشہور حکیم اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا۔ دل و جان سے اسکا والا و شیدا بن گیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا ہے۔ نوجوانوں کیلئے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔

قیمت صرف ۔/۱/۱ محصولڈاک مُعاف

ٹیلرنگ کٹنگ اینڈ آلٹریشن بک

آسان طریقہ سے کپڑے کا کاٹنا سکھانیوالی کتاب جس سے کم پڑھے لکھے آدمی بھی اپنا کام نکال سکتے ہیں۔ ہر قسم کا کپڑا کاٹنا سیکھنے کیلئے اس کتاب کو ضرور منگوائیے۔

قیمت صرف ۱۲/۱۰ محصولڈاک مُعاف

نیو فیشن بک

زنانے ۔ مردانے ۔ ترتیب دیا ۲۰۰ ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گراہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف ۔/۶/۱ محصولڈاک مُعاف

ملنے کا پتہ

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۵۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستارین مثلاً کامنی کوشل نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ مینا کماری۔ ریحانہ۔ وجینتی مالا۔ اوشا کرن۔ نروپا رائے۔ شکیلہ۔ بینا رائے۔ شیاما۔ اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ شمی کپور بھارت بھوشن۔ ادم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے

قیمت صرف ۱-۱-۲ محصولڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸/- محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

فلم میں بھرتی ہونے سے بیشتر اپنے آپکو ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ضروری ہے تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسوں کے حالات نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کردیئے گئے ہیں تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱-۰-۱ علاوہ محصولڈاک معاف

دلچسپ اور کارآمد۔ راتوں کو نیند اڑا دینے والی فلمی دنیا میں تہلکہ مچا دینیوالی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپکے پسندیدہ فلموں میں کام کرنیوالے ایکٹروں۔ ایکٹرسوں نیز ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات۔ وہ کسطرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ انکے پتے سینکڑوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے

قیمت صرف ۱-۰-۱ علاوہ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی